سیوطی کون ہے

من هو السيوطي

[urdu - اردو - أردو]

شیخ محمد صالح المنجد

ترجمہ: اسلام سوال وجواب ویب سائٹ
تنسیق: اسلام ہاؤس ویب سائٹ

ترجمة: موقع الإسلام سؤال وجواب
تنسيق: موقع islamhouse

2013 - 1434
IslamHouse.com

سیوطی کون ہے

سیوطی کون ہے ؟
اورکیا یہ صحیح ہے کہ تسبیح کا استعمال انگلیوں سے افضل ہے ؟

الحمد للہ
سیوطی : وہ حافظ عبدالرحمن بن الکمال ابی بکر بن محمد بن سابق الدین بن الفخر بن عثمان السیوطی رحمہ اللہ تعالی ہیں ۔

ان کا لقب جلال الدین ، اورکنیت ابوالفضل ہے وہ (٨٤٩) ھجری میں یتیمی کی حالت میں پیدا ہوئے ، اورآٹھ سال کی عمر سے پہلے ہی قرآن مجید حفظ کرلیا ، اورصغرسنی میں ہی علم سے شغف اختیارکیا اوراس کے حصول کے لیے بہت سے سفر کیے ، ان کے رحلات علم میں ، بلاد شام ، حجاز ، ھند ، اورمغرب شامل ہیں ۔

سیوطی رحمہ اللہ تعالی کی کئ ایک فنون میں بہت سی مؤلفات ہیں ، انہوں نے تفسیر ، حدیث ، فقہ ، سیرت وتاریخ میں کتب تصنیف کیں ، اوراپنی زندگی جمع وتالیف میں بسر کی ، کثرت جمع کی بناء پر ان کی تالیفات میں صحیح اورضعیف اورموضوع ، اوراسی طرح حق وباطل سب کچھ پایا جاتا ہے ۔

کہا جاتا ہے کہ ان تالیفات میں تقریبا ٦٠٠ کتب ہیں ۔

علامہ سیوطی رحمہ اللہ تعالی کی وفات ٩١١ ھجری میں ہوئ اللہ تعالی ان پررحم فرمائے ۔

اورتسبیح استعمال کرنے کے بارہ میں آپ سوال نمبر (٣٠٠٩) کا مراجعہ کریں ۔

واللہ اعلم .